حسین طلعت اور شعیب ملک کی برق رفتار اننگز کی بدولت پشاور زلمی کا فاتحانہ آغاز

کراچی، 28 جنوری 2022ء:

حسین طلعت اور کپتان شعیب ملک کی دھواں دھار بیٹنگ کی بدولت پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 5 وکٹوں سے ہرا کر ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں فاتحانہ آغاز کیا ہے۔ حسین طلعت نے 29 گیندوں پر 52 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ شعیب ملک نے 4 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 48 رنز بنائے۔

پشاور زلمی نے 191 رنز کا مطلوبہ ہدف 2 گیندیں قبل 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

77 کے مجموعی اسکور پر ابتدائی تین وکٹیں گنوانے کے بعد مڈل آرڈر بیٹر حسین طلعت نے 29 گیندوں پر 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 179 کے اسٹرائیک ریٹ سے 52 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیل کر میچ میں سنسنی پھیلادی۔ انہوں نے چوتھی وکٹ کے لیے کپتان شعیب ملک کے ہمراہ 81 رنز کی شراکت قائم کی۔

اس موقع پر پشاور زلمی کو جیت کے لیے آخری تین اوورز میں 30 رنز درکار تھے۔ کپتان شعیب ملک نے شیر فین ردرفورڈ کے ہمراہ جارحانہ انداز اپناتے ہوئے پشاور زلمی کو فتح دلادی۔ انہوں نے 32 گیندوں پر 4 چھکوں اور ایک چوکے کی مدد سے ناقابل شکست 48 رنز بنائے۔ شیر فین ردرفورڈ 10 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

اسپنر محمد نواز نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل پشاور زلمی نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے ول سمیڈ اور احسان علی کی شاندار بیٹنگ کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 190 رنز بنائے۔ ول سمیڈ نے 62 گیندوں پر 11 چوکوں اور 4 چھکوں کی بدولت 97 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ یہ کسی بھی کھلاڑی کا ایچ بی ایل پی ایس ایل ڈیبیو میں سب سے زیادہ اسکور ہے۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ لیوک رائٹ اور عثمان خان کے پاس تھا، جنہوں نے اپنے ایچ بی ایل پی ایس ایل ڈیبیو میں بالترتیب ناٹ آؤٹ 86 اور 81 رنز بنائے تھے۔ احسان علی نے 8 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد اور 158 کے اسٹرائیک ریٹ سے 73 رنز بنائے۔ دونوں کھلاڑیوں نے اپنی ٹیم کو 155 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔

پشاور زلمی کے عثمان قادر اور ثمین گل نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4